# 28-07-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے سماج میں تشویش پیدا کرنے والے منشیات کے چیالنج سے نمٹنے کے لئے منس نام سے ایک خصوصی مرکز شروع کیا ہے۔

۲۔وزیرآبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت ترجیحی بنیادوں پر رکے ہوئے پراجکٹس مکمل کرے گی اور کسانوں کو پانی پہنچایا جائے گا۔

۳۔ حیدرآباد کے پرانے شہر کا بونال بڑے پیمانے پر منایا جارہا ہے۔ حکومت نے کل بونال کے موقع پر تعلیمی اداروں اور سرکاری دفتروں کے لئے چھٹی کا اعلان کیا ہے۔

۴۔پیرس اولمپکس میں ہندوستان کی صفحہ اول کی شوٹر منو بھاکر نے عورتوں کے دس میٹر ایر رائفل پستول مقابلوں میں براؤنس میڈل حاصل کیا ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ حکومت نے سماج میں تشویش پیدا کرنے والے ڈرگس کے چیالنج سے نمٹنے کے لئے منس نامی ایک خصوصی مرکز شروع کیا ہے۔ آکاش وانی کے من کی بات پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے آج کہا کہ یہ ڈرگس کے خلاف لڑائی میں ایک بڑا اقدم ہے اور کچھ دن پہلے منس ہیلپ لائن اور پورٹل شروع کئے گئے جس کا ٹال فری نمبر 1933 ہے۔وزیراعظم نے ڈرگس کے بارے میں معلومات رکھنے والوں سے کہا کہ وہ اس نمبر پر اینٹی نارکوٹکس کنٹرول بیورو کو کال کرتے ہوئے جانکاری دیں۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد ملک میں جنگلاتی علاقہ میں اضافہ کے لئے ایک پیڑ ماں کے نام مہم میں شامل ہوئی ہے۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ اپنی ماں کے نام پر پودے لگانے کی تحریک میں حصہ لیں اور سوشیل میڈیا پر سلفی پوسٹ کریں۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ پراجکٹ پری دا پبلک آرٹ آف انڈیا عوام کے فن کو مقبول بنانے کا ایک اہم ذریعہ بن رہا ہے اور فنکاروں کو ایک پلیٹ فارم پر لا رہا ہے۔آرٹ اور کلچر کے چاہنے والوں سے درخواست ہے کہ وہ عوامی فنون پر اور کام کریں۔

BYTE

وزیراعظم نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ آسام میں آہوم سلطنت کے دور کی میتوں اور ان کی چیزوں کو روایتی طور پر رکھنے والے Charaidav Moidams کو یونیسکو کا عالمی تہذیبی ورثہ قرار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ وہ جگہ ہے جسے لوگوں کو اپنے سفر کے منصوبوں میں شامل کرنا چاہئے۔

BYTE

کل شیروں کے عالمی دن کے بارے میں وزیراعظم نے شیروں کی حفاظت کے لئے ملک کے الگ الگ حصوں میں کی جانے والی کوششوں کا ذکر کیا۔ وزیراعظم نے آندھراپردیش کے نلاملا کی پہاڑیوں پر رہنے والے چینچو قبیلوں کا ذکر کیا جو جنگلی زندگی اوران علاقوں میں ہونے والی بے قاعدگیوں پر نظر رکھتے ہیں۔

BYTE

سات اگست کو ہینڈلوم کے قومی دن کے بارے میں یاد دلاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہیش ٹیگ مائی پراڈکٹ مائی پرائٹ کے نام سے سوشیل میڈیا پر مقامی چیزوں کو اَپ لوڈ کرنا چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہینڈلوم کے ساتھ کھادی کی مقبولیت بھی بڑھی ہے اور اگست کا مہینہ جو آزادی کا مہینہ ہے کھادی خریدنے

کے لئے اچھا وقت ہے۔

BYTE

انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ہر گھر تلنگانہ ڈاٹ کام پر ترنگے کے ساتھ اس سال سلفی اَپ لوڈ کریں۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ان کی 15 اگست تقریر کے لئے مائی گو یا نمو ایپ پر مشورے دیں۔ وزیر اعظم نے پیرس میں جاریہ اولمپکس میں حصہ لینے والے ہندوستانی اتھلیٹس کو مبارکباد دی اور سب لوگوں سے کہا کہ وہ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

☆☆☆

آکاش وانی کے کئی سننے والوں نے آج من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے اٹھائے گئے موضوعات کا غیر مقدم کیا۔

☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے آکاش وانی پر پیش کیا جائے گا۔

☆☆☆

دہلی میں راؤس کوچنگ سنٹر کے تہہ خانہ میں مرنے والے تین آئی اے ایس امیدواروں میں سے ایک کا تعلق تلنگانہ سے ہے۔ دہلی پولیس نے نعشوں کی شناخت کی ہے۔ ڈی سی پی سنٹرل دہلی ایم ہرش وردھن نے ایک ویڈیو پوسٹ میں ایکس پر مرنے والی خاتون کی پہچان تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی 25 سالہ تانیہ سونی کی حیثیت سے کی ہے۔ دوسروں میں اتر پردیش کی شریا یادو اور کیرالا کے نوین ڈیلون شامل ہیں۔ یہ طلبہ کل تیز بارش کے بعد تہہ خانہ میں اچانک سیلاب آجانے کے بعد چار گھنٹے پھنس گئے تھے اور ہلاک ہو گئے تھے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے پرانے شہر میں آج جشن کا سماع تھا جو دوروزہ مہا کالی بونال تہوار کا پہلا دن تھا۔ روایتی رنگ برنگی لباس میں عورتیں بونم لے کر روانہ ہوئیں جس سے دن کی شروعات ہوئی اور انہوں نے مندروں میں چھینٹ چڑھائی۔ لال دروازہ سمہاواہنی مہا کالی مندر ہری باؤلی کے اکنا مادنا مندر، پرانے شہر کے دوسرے مندروں کے بشمول تمام بڑے مندروں میں لمبی لمبی قطاریں دیکھی گئیں۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اور ان کی بیوی نے لال دروازہ بونال تقریبات کے دوران دیوی کو ریشمی کپڑے پیش کئے۔ ریاستی وزیروں پونم پربھاکر اور کونڈا سریکھا نے بھی مندر کا دورہ کیا۔ کل پرانے شہر میں دوروزہ تہوار کے آخر میں ایک بڑا جلوس نکالا جائے گا۔ اس جلوس کی قیادت ایک ہاتھی کرے گا جس پر اکنا مادنا مندر سے گھاٹم لے جایا جائے گا۔ دوسرے چھوٹے جلوس بھی بڑے جلوس میں شامل ہو جائیں گے جو لال دروازہ، ناگل چنتا، شاہ علی بنڈہ، چارمینار، گلزار حاؤس، مدینہ بلڈنگ سے گزرے گا اور نئے پل پر ختم ہوگا۔ تلنگانہ حکومت نے بونال کے موقع پر جو سرکاری تہوار کے طور پر منایا جاتا ہے تمام تعلیمی اداروں اور سرکاری دفتروں کو کل تعطیل کا اعلان کیا ہے۔

☆☆☆

آب پاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ پچھلی حکومت نے کمیشن کے لالچ کے ساتھ پراجکٹس تعمیر کئے تھے۔ حیدرآباد میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت کے غلط کاموں کی وجہ سے کسان اور عوام تکلیفیں اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے غیر معیاری پراجکٹس کی تعمیر کے لئے بی آر ایس پر تنقید کی جس میں نقص پیدا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ تارک راما راؤ کالیشورم پراجکٹ کے بارے میں جھوٹ بول رہے ہیں اور جھوٹے الفاظ کے ساتھ عوام کو قائل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام لوگ کالیشورم پراجکٹ کے بارے میں حقیقت جانتے ہیں۔ کانگریس حکومت آبپاشی کے تعلق سے ٹھوس موقف رکھتی ہے اور نقصان اٹھانے والے پراجکٹس کی مرمت کے لئے ماہرین کے مشورے پر عمل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ رکے ہوئے پراجکٹس مکمل کئے جائیں گے اور کسانوں کو پانی سپلائی کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر پندرہ دن میں کاموں میں پیشرفت کا

جائزہ لیا جائے گا۔

☆☆☆

ہندوستان کی منو بھاکر نے پیرس اولمپکس میں دس میٹر ایر پستول مقابلہ میں براؤنس مڈل حاصل کیا ہے۔فائنل میں بھاکر 221.7 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے مقام پر رہی۔پی وی سندھو نے عورتوں کے بیڈمنٹن سنگلز کے پہلے میچ میں مالدیپ کی عبدالرزاق کوشکست دی۔اکولاسریجانے ٹیبل ٹینس ویمنس سنگل مقابلہ کے راؤنڈ آف 64 میں اپنی مخالف کھلاڑی کریس ٹینا کالبرک کو چار صفر سے ہرایا۔اس جیت کے بعد سریجا 32 کھلاڑیوں کے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی ہوگئی ہیں۔عورتوں کے دس میٹر کوالیفائنگ راؤنڈ میں ریتا جندل نے 631.5 کے اسکور کے ساتھ پانچواں مقام حاصل کیا اور فائنل میں داخل ہوگئی۔کشتی رانی میں ہندوستان اتھلیٹ بلراج پنوار دوسرے راؤنڈ میں شاندار مظاہرہ کے ساتھ کواٹر فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔

☆☆☆

ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے چار مینار بھاگیہ لکشمی مندر میں بونال تہوار میں حصہ لیا۔ریاستی حکومت کی طرف سے دیوی کو ریشمی کپڑے پیشکش کئے گئے۔اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ کل جماعتی اجلاس کے فیصلہ کے مطابق نئے نقشہ کے ساتھ نیا عثمانیہ ہاسپٹل تعمیر کیا جائے گا اور موسیٰ ندی کو صاف کیا جارہا ہے جس سے حیدرآباد اور دوسرے ضلعوں کے لوگوں کی صحت متاثر ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرانے شہر کے حالات بدلنے کے لئے میٹرو کو پھیلایا جارہا ہے۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے اور ہریانہ کے گورنر بنڈارو دتاتریہ نے بھی دیوی بھاگیہ لکشمی کا درشن کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے عنبر پیٹ میں مہا کالی مندر کا دورہ کیا۔کشن ریڈی اور ان کی بیوی نے بونال کے موقع پر خصوصی پوجا کی۔اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ پورے ملک میں ایسا ماحول کہیں نہیں ہوتا۔